آغا غیاث الرحمٰن انجم

زباں میری ہے بات اُن کی

❖ وکیل کے خلاف عدالتوں کے چکر لگا کر تھک گیا ہوں۔ (عادل منیر کی وزیر اعلیٰ سے فریاد)

بد دل نہ ہوں۔ فوری اور سستا انصاف آرہا ہے۔

❖ بھارتی فوج کو حالت جنگ میں رکھنے کا فیصلہ۔ (بھارت)

شانتی، مہاراج، شانتی

❖ رئیس اللہ بخش مگسی کا بیٹا اور بیٹی مسلم لیگ (ن) میں شامل ہوگئے۔ (ایک خبر)

جب تک مسلم لیگ (ن) برسر اقتدار ہے۔ اسی جماعت میں شامل ہونا ہی عقلمندی ہے۔

❖ گورنری کا حکم سوتے میں جگا کر دیا گیا (سابق گورنر سندھ)

اور جب آنکھ کھلی تو گورنری سہانا خواب بن چکی تھی

❖ عدالت میں پیش ہونے کا طریقہ سیکرٹریوں کو بھی معلوم نہیں (ہائی کورٹ لاہور)

بدقسمت قوم کے افسر اور خوش نصیب ماؤں کے بیٹے ایسے ہی ہوتے ہیں

❖ بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر رقم بٹورنے والوں سے پولیس نمٹے گی (ایک اخبار کی سرخی)

پولیس کے ہوتے ہوئے کسی اور کو پیسے بٹورنے کا حق نہیں

❖ سسٹم کو پولیس نے تباہ کیا (ہائی کورٹ لاہور)

این همه خانه آفتاب است

❖ بحیرہ چین کے جزیرے۔ "سپر ٹیلی" کی ملکیت کے دعویدار چین، برونائی، ملائیشیا، فلپائن، سنگاپور، تائیوان، کے علاوہ ویت نام بھی ہے (ایک امریکی اخبار کا انکشاف)

بھارت سے بھی پوچھ لیں۔ کہیں یہ اس کا بھی۔ "اٹوٹ انگ" نہ نکل آئے۔

❖ جناح ہسپتال لاہور کے چیف پروفیسر ڈاکٹر عیسیٰ محمد عدالت سے الجھ پڑے اور اونچا اونچا بولنے لگے (ایک خبر)

غریب مریضوں کو ڈانٹتے ڈانٹتے ڈاکٹر صاحب کو اونچا بولنے کی ذرا عادت سی پڑ گئی ہے

❖ بھارت میں ریلوے کے بہت بڑے حادثے کے بعد بھارتی وزیر ریلوے نے اخلاقی طور پر استعفیٰ دے دیا (ایک خبر)

خدا ہمارے وزیروں، افسروں اور سیاسی لیڈروں کو بھی اس قسم کی غیرت عطا کر دے۔

❖ وزیراعظم کے مشیر حیدر علی مرزا کے بھتیجے نے پانچ ساتھیوں کے ہمراہ عورت کو اغوا کیا۔ اور درندگی کا نشانہ بنایا (ایک خبر)

حیدر علی مرزا وزیر اعظم کے مشیر ھیں۔ اپنے بھتیجے کے نھیں۔

❖ سابق وفاقی وزیر عابدہ حسین اور شاہ جیون خاندان کی مبینہ پانی چوری کے خلاف جھنگ میں کسانوں نے احتجاجی جلوس نکالا (ایک خبر)

سبو اپنا اپنا اور جام اپنا اپنا　　کیئے جاؤ مے خوارو کام اپنا اپنا

❖ لغاری چور دروازے سے حصول اقتدار کیلئے سرگرم ہیں۔ (صوبائی وزیر بنیامین رضوی)

آپ چور دروازے پر اپنا قبضہ مضبوط رکھیں اور لغاری صاحب کو اندر نہ آنے دیں۔

❖ واپڈا میں تعینات نوے فی صد فوجی واپس بلالئے گئے۔ (ایک خبر)

ھمارے حکام کیسے برداشت کرسکتے ہیں کہ عوام بد دیانت واپڈا افسروں اور کارکنوں کی حرام خوری سے زیادہ دیر محفوظ رھیں

❖ محکمہ موسمیات کی تین روز سے پیشگوئیوں کے باوجود بارش نہ ہوسکی (ایک اخبار)

آپ کو کس نے کہا کہ آپ ان کی پیش گوئیوں پر یقین کیا کریں

❖ وسیم اکرم کی سبز شرٹ اور کھلاڑیوں کے آٹو گراف والا بیٹ تین سو پاؤنڈ میں نیلام (لندن کی خبر)

اپنی اپنی پینٹوں کا خیال رکھیں۔ آج کل جوئے کے الزامات بہت لگ رہے ہیں

❖ نواں کوٹ لاھور کے علاقے میں چور تالے توڑ کر گھر کا صفایا کر گئے (ایک خبر)

یہ تو کوئی کمال نہیں۔ ھمارے علاقے میں چور تالے توڑے بغیر گھر کا صفایا کر چکے ہیں

❖ کارگل کی صورت حال پر نواز شریف نے پاکستان کی خارجہ پالیسی کا جنازہ نکال دیا (ملک غلام مصطفیٰ کھر)

برسر اقتدار آکر پیپلز پارٹی خارجہ پالیسی کی نماز جنازہ اور کفن دفن کا مستقل انتظام کردیگی

❖ نونہالوں کا اخلاق بلند ہوگا۔ تو پاکستان خود ہی بڑا بن جائے گا۔ (ٹیبلو رقص پیش کرنے پر بشریٰ رحمن کا بچوں سے خطاب)

آپ نونہالوں کو رقص کی مشق کرواتے رہیں۔ اخلاق بہت زیادہ بلند ہوجائیگا۔

❖ فوج بھارت سے جنگ چاہتی تھی میں نے انکار کردیا۔ قومی مفاد کے پیش نظر یہ بات پہلے عوام کو نہیں بتائی۔ (بے نظیر)

اب کس کے مفاد کی خاطر آپ یہ انکشاف کررھی ھیں؟

❖ ارباب اقتدار سے ھم صرف درخواست ھی کرسکتے ہیں۔ کہ خدارا عوام کی حالت پر رحم کریں۔ (مہنگائی پر ایک اخبار کی فریاد)

جن لوگوں کا وجود ھی عذاب ہے۔ وہ ملک وملت پر رحم کیسے کرسکتے ہیں۔

❖ مشاہد حسین عوام کے کڑاکے نکالتے ہیں۔ مگر پروپیگنڈہ جنگ میں بھارت کے کڑاکے نہ نکال سکے (اعجاز الحق)

وہ ابھی کشمیر کارگل پر امریکہ اور مسٹر کلنٹن کے بیانات کے کڑاکے نکالنے میں مصروف ہیں۔